172. یَاوَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدُنَا نَبِیِّ الۡخَیۡرِ، وَجِیۡهَ الۡکَوۡنَیۡنِ وَقَوۡلُكَ فِی کِتَابِ البُخَارِی بَابُ الۡجِهَادُ مَاضٍ مَعَ الۡبَرِّ وَالۡفَاجِرِ وَصَاحِبِ الۡمُعۡجِزَةِ (الَّذِیۡ زَادَ بِهٖ قَبۡضَةٌ مِّنَ التَّمۡرِ لِاِمۡرَأَةٍ حَتّٰی اَعۡطٰی جَمِیۡعَ اَهۡلِ الۡخَنۡدَقِ) صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَیۡهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة وَعامر بن سلمه (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَاحِدُ الۡاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت نبی الخیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے صاحب وجاہت ہے باب مسلمانوں کا امیر عادل ہو یا ظالم اس کی قیادت میں جہاد ہمیشہ ہوتا رہے گا اور جو تھوڑی سی کھجور سارے اہل خندق کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عامر بن سلمہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

173. یَاوَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدُنَا نَبِیِّ الۡمَلۡحَمَةِ، حَسِیۡنَ الۡکَوۡنَیۡنِ وَقَوۡلُكَ فِی کِتَابِ البُخَارِی بَابُ الۡکِسۡوَةِ لِلۡاُسَارٰی وَصَاحِبِ الۡمُعۡجِزَةِ (الَّذِیۡ اَضَآءَ بِهٖ وَجۡهُ زَیۡنَبَ بِنۡتِ اُمِّ سَلَمَةَ اُمِّ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَضِیَ اللهُ عَنۡهَا) صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَیۡهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة وَعامر بن فهیره رضی اللہ عنہ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَاحِدُ الۡاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت نبی الملحمۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کا حسن ہے باب قیدیوں کو کپڑے

پہنانا اور جو کہ زینب بنت ام سلمہ ام المؤمنین ؓ کا چہرہ خوبصورت ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

174. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا نَبِيِّ زَمْزَمٍ، مَلِيحِ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ التَّجَمُّلِ لِلْوُفُودِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِي مَا سَقَطَ بِهِ اَسْنَانُ نَابِغَةَ الشَّاعِرِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعامر بن مخلد (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت نبی زمزم ﷺ جو کونین کی خوبصورتی ہے باب وفود سے ملاقات کے لیے اپنے آپ کو آراستہ کرنا اور شاعر کے دانتوں کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عامر بن مخلد (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

175. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا النَّصِيحُ، يُوسُفَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَا يُعْطَى الْبَشِيرُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِي مُطِرَ فِي غَزْوَةِ الْاَحْزَابِ بِهِ الشُّكْرُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعامر بن سکن (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت نصیح ﷺ جو کونین کے یوسف ہے باب (فتح اسلام کی) خوشخبری دینے والے کو انعام دینا اور جو غزوہ احزاب میں شکر کی بارش ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عامر بن سکن (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

176. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْوَاسِعُ الْبَاعُ، حَيَاةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَا جَاءَ فِي سَبْعِ أَرَضِينَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِي حُبِسَتْ لَهُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ بَيْضَاءُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعائذ بن ماعص (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت واسع الباع ﷺ جو کونین کی حیاۃ ہے باب سات زمینوں کا بیان اور خندق کے موقع پر روشنی کا آپ ﷺ کا احاطہ کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عائذ بن ماعص (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

177. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْوَاعِدُ، نَجَاةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابٌ فِى النُّجُومِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِي فَارَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ بِسَهْمِهِ الْمَاءُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعباد بن بشر (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت واعد ﷺ جو کہ کونین کے نجات ہیں باب ستاروں کا بیان

اور یوم حدیبیہ میں خشک کنویں میں پانی کی زیادتی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عباد بن بشر (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

178. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمُنْصِفُ، بَرَاءَةُ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرِ الْمَلَائِكَةِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ قَالَ حِيْنَ أُجْلِيَ عَنْهُ الْاَحْزَابُ الْآنَ نَغْزُوْهُمْ وَلَا يَغْزُوْنَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعباد بن قيس (خزرجى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت منصف ﷺ جو کونین کے فلاح ہیں باب فرشتوں کا بیان اور (الَّذِىْ قَالَ حِيْنَ أُجْلِيَ عَنْهُ الْاَحْزَابُ الْآنَ نَغْزُوْهُمْ وَلَا يَغْزُوْنَ) معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عباد بن قیس (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

179. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا فِي خِدْرِهَا، مُرْشِدَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ صِفَةِ النَّارِ وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ فَارَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ مِنْ بَيْنَ اَصَابِعِهِ الْمَاءُ كَاَمْثَالِ الْعُيُوْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبادہ بن صامت (خزرجى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت فی خدرھا ﷺ جو کونین کے مرشد ہیں باب دوزخ کا بیان اور یہ بیان کہ دوزخ بن چکی ہے، وہ موجود ہے اور یوم احزاب میں انگلیوں سے پانی کا چشمہ جاری ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبادہ بن صامت (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

180. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْاَقْرَنُ، شَيْخَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ صِفَةِ إِبْلِيسَ وَجُنُودِهِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ قَالَ لِعَلِيٍّ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ اِذْ كَتَبَ سِفْرَ الصُّلْحِ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ اِنَّ مِثْلَ هٰذِهِ الْوَاقِعَةِ سَيُدْرِكُكَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن ثعلبه (خزرجى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اقرن ﷺ جو شیخ الکونین ہے باب ابلیس اور اس کی فوج کا بیان اور یوم حدیبیہ میں معاہدہ لکھتے ہوئے حضرت علیؓ سے فرمایا اسی طرح کے حالات آپ کو بھی پیش آئیں گے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن ثعلبہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

181. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا اُمَنَةُ اَصْحَابِهٖ، خَضِرَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرِ

الْجِنِّ وَثَوَابِهِمْ وَعِقَابِهِمْ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَسْلَمَ بِدُعَآئِه عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة وَعبد الله بن جبیر (اوسی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امین اصحاب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے خضر ہیں باب جنوں کا بیان اور ان کو ثواب اور عذاب کا ہونا جن کی دعا سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن جبیر (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

182. یَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا اَمِیْنُ اللهِ، هَادِیَ الْکَوْنَیْنِ وَقَوْلُكَ فِی کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ الْأَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ كَانَ یَبْعَث یَعْفُوْرًا اِلٰی اَصْحَابِهٖ فَیَقْرَعُ بِرَأْسِهٖ عَلَیْهِمُ الْبَابَ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة وَعبد الله بن جحش رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امین اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ہادی الکونین ہے باب روحوں کے جتھے ہیں جھنڈ کے جھنڈ اور جن کے در پر یعفور کا سجدہ کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

183. یَاوَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا بَالِغُ الْبَیَانِ، مُحَمَّدَ الْکَوْنَیْنِ وَقَوْلُكَ فِی کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ قِصَّةِ یَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ سَمِنَ بِهِ الْغَنَمُ وَامْتَلَأَتْ اَثْدِیُهَا مِنَ اللَّبَنِ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة وَعبد الله بن جد (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت بالغ البیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے بھی محمد ہے باب یاجوج و ماجوج کا بیان اور بکری کے پستان کا دودھ سے بھر جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن جد (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

184. یَاوَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا الْبَیَانُ، مُرَادَ الْکَوْنَیْنِ وَقَوْلُكَ فِی کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ {وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُونَ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِنْ دُونِ النِّسَاءِ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلاَّ أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِنْ قَرْيَتِكُمْ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلاَّ امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَاهَا مِنَ الْغَابِرِينَ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ} وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ مَازِنًا بِرِسَالَتِهٖ

الْوَثَنُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن حمير (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت بیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے مراد ہیں باب (لوط علیہ السلام کا بیان)اور اللہ تعالیٰ کا (سورۃ النمل میں) فرمانا کہ ہم نے لوط کو بھیجا، انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم جانتے ہوئے بھی کیوں فحش کام کرتے ہو۔ تم آخر کیوں عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی شہوت بجھاتے ہو، کچھ نہیں تم محض جاہل لوگ ہو، اس پر ان کی قوم کا جواب اس کے سوا اور کچھ نہیں ہوا کہ انہوں نے کہا، آل لوط کو اپنی بستی سے نکال دو۔ یہ لوگ بڑے پاک باز بنتے ہیں۔ پس ہم نے لوط کو اور ان کے تابعداروں کو نجات دی سوا ان کی بیوی کے۔ ہم نے اس کے متعلق فیصلہ کر دیا تھا کہ وہ عذاب والوں میں باقی رہنے والی ہو گی اور ہم نے ان پر پتھروں کی بارش برسائی۔ پس ڈرائے ہوئے لوگوں پر بارش کا عذاب بڑا ہی سخت تھا اور ماذن کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر گواہی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن حمیر (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

185. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا حَسَنُ الثَّغْرِ، مَقْصُوْدَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى {لَقَدْ كَانَ فِي يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِلسَّائِلِينَ} وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ زَالَ بِهِ مِنْ مَّازِنٍ شُرْبُ الْخَمْرِ وَارْتِكَابُ الْفَوَاحِشِ وَرُزِقَ الْوَلَدُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبدالله بن ربیع (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت حسن الثغر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے مقصود ہیں باب (یوسف علیہ السلام کا بیان)اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بیشک یوسف اور ان کے بھائیوں کے واقعات میں پوچھنے والوں کیلئے قدرت کی بہت سی نشانیاں ہیں اور ماذن کا شراب پینا اور دیگر خواہش کرنے سے بیٹے پیدا ہونے کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن ربیع (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

186. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا حَسَنُ الْمُجَسَّمِ، غَايَةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَا جَاءَ فِي أَسْمَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ قَالَ لِخُرَيْمِ ابْنِ فَاتِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِنَّ هَاتِفَكَ أَوْفَى بِمَا وَعَدَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن رواحه (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت حسن المجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے غایت ہے باب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں کا بیان اور خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ کو وعدہ کی ایفاء یاد دلانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن رواحہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

187. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا خَازِنُ عِلْمِ اللهِ، فَخْرَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ خَاتِمِ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ قَاتِلَ الْحُسَيْنِ شِمْرٌ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن زيد (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خازن علم اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو فخر کونین ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا اور جس نے قاتل حسین رضی اللہ عنہ کا نام شمر بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن زید (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

188. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا خَطِيْبُ النَّبِيِّيْنَ، عُرْوَةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ خَاتِمِ النُّبُوَّةِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَنْبَأَ بِفَتْحِ مِصْرَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن سراقه رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خطیب النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کا سہارا ہے باب مہر نبوت کا بیان (جو آپ کے دونوں کندھوں کے بیچ میں تھی) جس نے فتح مصر کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن سراقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

189. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْبَرِيَّةُ، عِزَّةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ صِفَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ بَيَّنَ الذِّئْبُ شَانَهُ لِمَخْزَمَةَ وَاَبِيْ سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن سلمه (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت بریۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کی عزت ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ اور اخلاق فاضلہ کا بیان اور درندے کا مخزمہ ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے کلام کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن سلمہ (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

190. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْمُبَرَّءُ، ذُرْوَةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَنَامُ عَيْنُهُ وَلَا يَنَامُ قَلْبُهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ قُزْمَانَ فِي النَّارِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن سهل (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مبر ءﷺ جو کونین کے موتی ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں ظاہر میں سوتی تھیں لیکن دل غافل نہیں ہوتا تھا اور جس نے قزمان کی جہنمی ہونے کے خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن سہل (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

191. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمُتَحَنِّثُ، قُرَّةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ فِي الْإِسْلَامِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَلْقَتِ الرِّيْحُ صَوْتَهُ يَوْمَ اُحُدٍ فِيْ آذَانِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن سهيل رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت متحنث ﷺ جو کونین کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزوں یعنی نبوت کی نشانیوں کا بیان اور اُحد کے دن مہاجرین اور انصار کو اپنی آواز پہنچانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

192. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا مِنَّةُ اللهِ، دُرَّةَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ سُؤَالِ الْمُشْرِكِينَ أَنْ يُرِيَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آيَةً فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ بُوْرِكَ بِهِ الْخُبُوْزُ فِيْ بَيْتِ اَبِيْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن شريك (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت منۃ اللہ ﷺ جو درۃ الکونین ہے باب مشرکین کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی نشانی چاہنا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ شق القمر دکھانا اور ابو طلحہ انصاریؓ کی روٹی میں برکت ڈالنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن شریک (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

193. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا ذُو الْبُرْهَانِ الْعَظِيْمِ، نُوْرَ الْكَوْنَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ فَضَائِلِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ قَالَ اِنَّ مَنْ جَآءَ اَبُوْذَرٍّ الْغَفَّارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن طارق (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ذوالبرھان العظیم ﷺ جو کونین کے نور ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابیوں کی فضیلت کا بیان اور جس نے آنے والے نام ابوذر غفاریؓ بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد

اللہ بن طارق (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

194. یَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا شَدِیْدُ الْبَطْشِ، سِرَاجَ الْکَوْنَیْنِ وَقَوْلُكَ فِي کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ مَنَاقِبِ الْمُهَاجِرِینَ وَفَضْلِهِمْ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ سَارَ بِهٖ جَمَلُ رِفَاعَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَعبد اللہ بن عامر (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شدید البطش صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے سورج ہے باب مہاجرین کے مناقب اور فضائل کا بیان اور حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ کی اونٹنی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن عامر (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

195. یَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبَیَانِ، جَمَالَ الْکَوْنَیْنِ وَقَوْلُكَ فِي کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ فَضْلِ أَبِي بَكْرٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَبْرَأَ لِکُلْثُوْمِ ابْنِ الْحُصَیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا نَحْرَہُ الْجَرِیْحَ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَعبد اللہ بن عبد اللہ بن ابی بن سلول رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب البیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کا جمال ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی (دوسرے صحابہ) پر فضیلت کا بیان اور جو کلثوم ابن الحصین رضی اللہ عنہ کے زخم ٹھیک ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن عبد اللہ بن ابی بن سلول رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

196. یَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا صَادِقُ الْاَقْدَامِ، جَمِیْلَ الْکَوْنَیْنِ وَقَوْلُكَ فِي کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ مَنَاقِبُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَبِي حَفْصٍ الْقُرَشِيِّ الْعَدَوِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اِلْتَقَتْ لَہُ الشَّجَرَتَانِ حِیْنَ قَالَ لِوَاحِدٍ مِّنْ اَصْحَابِہٖ قُلْ لِتِلْكَ الشَّجَرَۃِ اَنْ تَلْحَقَ بِهٰذَا الشَّجَرِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَعبد اللہ بن عبد مناف (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صادق الاقدام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کونین کے جمیل ہے باب ابو حفص عمر بن خطاب قرشی عدوی رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا بیان اور جو درختوں کو تابع فرمان رکھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن عبد مناف (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

197. یَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْاِزَارِ، خَیْرَ الْمُرْسَلِیْنَ وَقَوْلُكَ فِي کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ

مَنَاقِبُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَبِي عَمْرٍو الْقُرَشِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ عَنْ وُّقُوْعِ الْفِتْنَةِ خِلَالَ بُيُوْتِ الْمَدِيْنَةِ كَوَقْعِ الْمَطَرِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبداللہ بن عرفطه (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الازار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو خیر المرسلین ہے باب ابو عمرو عثمان بن عفان القرشی (اموی) رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور مدینہ کے گھروں میں بارش کی طرح فتنوں کا واقع ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن عرفطہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

198. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الشَّفَاعَةِ، يَاصَادِقَ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ قِصَّةُ الْبَيْعَةِ، وَالاِتِّفَاقُ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ سُبَيْعًا اَنْ تَأْخُذَهُ الْاَكِلَةُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبداللہ بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الشفاعۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو وعدے کے سچے ہیں باب عثمان رضی اللہ عنہ سے بیعت کا قصہ اور آپ کی خلافت پر صحابہ کا اتفاق کرنا اور اس باب میں امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی شہادت کا بیان اور (الَّذِيْ اَخْبَرَ سُبَيْعًا اَنْ تَأْخُذَهُ الْاَكِلَةُ) معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

199. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ السَّكِيْنَةِ، مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ أَبِي الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ عَنْ غُسْلِ الْمَلَائِكَةِ حَنْظَلَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبداللہ بن قیس بن صخر (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب السکینۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ سخا کے کان ہیں باب ابو الحسن علی بن ابی طالب القرشی الہاشمی رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کو ملائکہ کی غسل دینے کے خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن قیس بن صخر (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

200. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ، مَعْدَنِ الْكَرَمِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ نَشَأَ بِهِ الشِّفَا لِلْعَجْوَةِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبداللہ بن کعب (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الصراط المستقیم ﷺ جو کرم کے کان ہے باب جعفر بن ابی طالب ہاشمی رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا بیان اور عجوہ کھجور میں شفا کی خاصیت بتلائی جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و عبداللہ بن کعب (خزرجی) رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

201. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا صَاحِبُ السَّبْعِ الْمَثَانِي، مَعْدَنِ الْعِلْمِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ قَالَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ نَصِلُ الْمَآءَ وَقْتَ الضَّحْوَةِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن مخرمه رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب السبع المثانی ﷺ جو علم کے معدن ہے باب عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا بیان اور غزوہ تبوک میں پانی کے واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و عبد اللہ بن مخرمہ رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

202. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْعَلَامَاتِ الظَّاهِرَاتِ، مَعْدَنِ الْحِكَمِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ قَرَابَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْقَبَةِ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ بِنْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ كَثُرَ بِهٖ فِيْ تِلْكَ الْغَزْوَةِ مَآءُ الْعَيْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن مسعود رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب العلامات الظاہرات ﷺ جو حکمتوں کے معدن ہیں باب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے فضائل اور فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل کا بیان اور غزوہ تبوک میں چشمہ میں پانی کی کثرت کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

203. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْفَضْلِ، مَعْدَنِ اللُّطْفِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ مَآ أَمَاتَهُ شَقُّ الصَّدْرِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن مظعون رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الفضل ﷺ جو لطف و مہربانی کا معدن ہے باب

زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور جو سینہ کے پھٹنے سے موت کا نہ آنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

204. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْعَلَامَةِ، مَعْدَنِ الْجَوَاهِرِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ أَخْبَرَ بِفَتْحِ يَوْمَ الْفُرْقَانِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الله بن نعمان (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب العلامۃ ﷺ جو جواہرات کے معدن ہے باب طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ اور جس نے یوم الفرقان کی فتح کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد اللہ بن نعمان (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

205. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا عَرِيْضُ الصَّدْرِ، مَعْدَنِ التَّوَالُدِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ الزُّهْرِيِّ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ أَخْبَرَ بِأَسْمَآءِ مَنْ مَّاتَ يَوْمَ بَدْرٍ مِنَ الْأَعْدَآءِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد ربه بن حق (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت عریض الصدر ﷺ جو مسلم قومیت کے معدن ہیں باب سعد بن ابی وقاص الزہری رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور یوم بدر کو کفار کے مقتولین کے نام بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد ربہ بن حق (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

206. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا الْمُرْتَفِعُ الدَّرَجَاتِ، مَعْدَنِ الْعَجَآئِبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرُ أَصْهَارِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ أَبُو الْعَاصِ بْنُ الرَّبِيعِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ رُدَّ بِهٖ بَصَرُ الْأَعْمٰى حِيْنَ قَرَأَ بِأَمْرِهِ الدُّعَآءَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبد الرحمٰن بن جبرن (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مرتفع الدرجات ﷺ جو عجائب کا خزانہ ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دامادوں کا بیان ابو العاص بن ربیع بھی ان ہی میں سے ہیں اور جن کی دعا سے اندھے کی بینائی آنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبد الرحمٰن بن جبرن (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

207. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْمَشْرُوحُ، صَدْرُهُ مَعْدَنِ الْغَرَآئِبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَرٰى اَصْحَابَه بِبَدْرٍ مَصَارِعَ الْكُفَّارِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبده بن حسحاس (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مشروح صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس کا سینہ مبارک حیرت انگیزوں کا معدن ہے باب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور جو یوم بدر کو اصحاب کفار کی چیخیں سننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعبدہ بن حسحاس (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

208. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْمَرْفُوعُ، ذِكْرُهُ مَظْهَرِ الْعَجَآئِبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرُ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ آمَّنَ دُعَآءَهُ اُسْكُفَّةُ الْبَابِ وَالْجِدَارُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبس بن عامر (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مرفوع صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مظہر العجائب ہیں باب اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کا بیان اور دروازوں اور دیواروں کی دعا کے واقعے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعبس بن عامر (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

209. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُفَاضُ الْجَبِيْنِ، مَظْهَرِ الْغَرَآئِبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ هَزَمَ الْاَعْدَآءَ بِبَدْرٍ بِالْحَصٰى) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبيد بن اوس (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مفاض الجبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو حیرت انگیزی کے معدن ہیں باب عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما کے فضائل کا بیان اور یوم بدر کو کنکریوں کے پھینکنے سے اعداء کی شکست کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعبید بن اوس (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

210. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا طَوِيْلُ الزَّنْدَيْنِ، صَاحِبِ اللِّوَآءِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ عَمَّارٍ وَحُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ كَانَ اِذَا جَلَسَ تَكُوْنُ كَتِفُهُ مِنْ كَتِفِ الْجَلِيْسِ اَعْلٰى) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبيد بن تيهان

(اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت طویل الزندین ﷺ جو صاحب للواء ہے باب عمار اور حذیفہ رضی اللہ عنہما کے فضائل کا بیان اور (اَلَّذِیْ کَانَ اِذَا جَلَسَ تَکُوْنُ کَتِفُهٗ مِنْ کَتِفِ الْجَلِیْسِ اَعْلٰی) معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبید بن تیہان (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

211. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ الْعُظْمٰى، صَاحِبِ الْحَيَآءِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اُشْبِعَ بِهِ الْجِيَاعُ وَرُكِبَ بِهِ الْحُفَاةُ وَكُسِيَ بِهِ الْعُرَاةُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبيد بن زيد (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الشفاعۃ العظمی ﷺ جو صاحب حیاء ہیں باب ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور بھوک، ننگے پاؤں اور بدن والوں کے بارے میں خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبید بن زید (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

212. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمَقَامِ الْمَوْعُوْدِ، صَاحِبِ السَّخَآءِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرِ مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ ضَمَّ يَدَ خُبَيْبِ ابْنِ يَسَافٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَ الْاِنْقِطَاعِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعبيد بن ابی عبیدہ (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب المقام الموعود ﷺ جو صاحب سخا ہیں باب مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کا بیان اور جس نے خبیب ابن یساف رضی اللہ عنہ کا کٹا ہوا ہاتھ کا دوبارہ جڑنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عبید بن ابی عبیدہ (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

213. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمِغْفَرِ، صَاحِبِ الْعَلَآءِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ حَمَلَ بِهِ رَجُلٌ مَّا تَحْمِلُهُ السَّفِيْنَةُ وَكَانَ لَا يَسْتَطِيْعُ حَمْلَ صَاعٍ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعتبان بن مالك (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب المغفر ﷺ جو صاحب مرتبہ ہے باب حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کے فضائل کا بیان اور ایک ایسے آدمی کے بارے میں خبر دینا جیسا کہ کشتی میں بیٹھنے والے کے

پاس نہ قوت اور نہ رقم ہے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعتبان بن مالک (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

214. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْخَاتَمِ، هُوَ رُوحُ الْقُدُسِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ بِلَالِ بْنِ رَبَاحٍ مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ هٰذَا جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهِ عَلَيْهِ اَدَاةُ الْحَرْبِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعتبه بن ربيعه (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الخاتم ﷺ جو روح القدس ہے باب ابو بکر رضی اللہ عنہ کے مولیٰ بلال بن رباح رضی اللہ عنہ کے فضائل جو یوم بدر میں حضرت جبرائیلؑ کا گھوڑے پر سوار ہو کر لڑنے کے لیے آنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعتبہ بن ربیعہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

215. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا اَحْسَنُ النَّاسِ قِوَامًا، هُوَ رُوحُ الْقِسْطِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرُ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَتَتْهُ عَنْزٌ حِيْنَ عَطِشَ جَيْشُهُ فَحَلَبَهَا وَاَرْوَى الْجَيْشَ فَغَابَتْ بَعْدَ الْحَلْبِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعتبه بن عبد الله (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت احسن الناس قواما ﷺ جو انصاف کی روح ہے باب عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا ذکر خیر اور (الَّذِيْ اَتَتْهُ عَنْزٌ حِيْنَ عَطِشَ جَيْشُهُ فَحَلَبَهَا وَاَرْوَى الْجَيْشَ فَغَابَتْ بَعْدَ الْحَلْبِ) معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعتبہ بن عبد اللہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

216. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ، هُوَ قُرَّةُ الْعَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ سَمِعَ بِيُمْنِهٖ اَنْصَارِيٌّ يَوْمَ بَدْرٍ ضَرْبَةَ السَّوْطِ وَصَوْتَ فَارِسٍ يَقُوْلُ اَقْدِمْ حَيْزُوْمَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعتبه بن غزوان رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب المقام المحمود ﷺ جو ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے باب خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے فضائل اور جو انصاری صحابیؓ کا یوم بدر کو حضرت جبرائیلؑ کا خیزوم کو حکم دینے کے سننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

217. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمَدِيْنَةِ، هُوَ نُوْرُ الْعَيْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ

مَنَاقِبُ سَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ بِفَتْحِ الرُّوْمِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وعثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب المدینۃ ﷺ جو آنکھوں کا نور ہے باب ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کے مولیٰ سالم رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور آپ ﷺ نے فتح روم کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

218. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ، هُوَ نُوْرُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ سَمِعَ اَصْوَاتَ اَفْرَاسِ الْمَلَائِكَةِ مِنْ اَجْلِهِ الْاَعْدَاءُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وعجلان بن نعمان (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب النعلین ﷺ جو قلوب کے نور ہیں باب عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور جس نے ملائکہ کی اعداء کو قتل کی آواز سننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عجلان بن نعمان (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

219. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا صَلْتُ الْجَبِيْنِ، هُوَ رُوْحُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ ذِكْرُ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ رَاٰى اَعْدَاءَهُ الْمَلَائِكَةَ فِي الْحُرُوْبِ رَاكِبِيْنَ عَلَى الْاَفْرَاسِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وعدی بن ابی ذغباء (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صلت الجبین ﷺ جو قلوب کی روح ہے باب معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ کا بیان اور جس نے ملائکہ کو جنگ میں گھوڑوں پر سوار دیکھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عدی بن ابی ذغباء (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

220. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا ظَاهِرُ الْوَضَاءَةِ، هُوَ فَتْحُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ مَلَكًا نَصَرَ اَبَا الْيَسَرِ اِذْ سَرَّ الْعَبَّاسَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وعصمه بن حصين (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت طاہر الوضاءۃ ﷺ جو قلوب کی کشادگی ہے باب فاطمہ علیہا السلام کے فضائل کا بیان اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے لیے راستہ بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عصمہ بن حصین (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

221. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا دَقِيْقُ الْحَاجِبَيْنِ، هُوَ مِشْكُوةُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ فَضْلِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ بِاِتْيَانِ جَرِيْرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعصيمه اشجعى (خزرجى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت دقیق الحاجبین ﷺ جو قلوب کے چراغ ہیں باب عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت کا بیان اور جس نے جریر ابن عبد اللہ البجلی رضی اللہ عنہ کو خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عصیمہ اشجعی (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

222. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا ذُوْنَفْسٍ مُّطْمَئِنَّةٍ، هُوَ ضَوْءُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ الْأَنْصَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ وَجَدَتْ بِهِ السَّمْنَ فِي الْعُكَّةِ اُمُّ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعطيه بن نويره (خزرجى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ذو نفس مطمئنۃ ﷺ جو قلوب کی روشنی ہے باب انصار رضوان اللہ علیہم کی فضیلت کا بیان اور جس نے ام مالک رضی اللہ عنہا کے مٹکے کو گھی سے بھرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عطیہ بن نویرہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

223. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْمَرْفُوْعُ، دَرَجَتُهُ هُوَ ضِيَاءُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ حُبُّ الْأَنْصَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ سَلَّمَ عَلَيْهِ الْمَدَرُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعقبه بن عامر ال (خزرجى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مرفوع ﷺ جو قلوب کے نور ہے باب انصار سے محبت رکھنے کا بیان اور جو مدر کا سلام کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عقبہ بن عامر ال (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

224. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا قَابِلُ الْهَدِيَّةِ، هُوَ قَمَرُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ فَضْلُ

دُورِ الأَنْصَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ شَهِدَ لَيْلَةَ بِرِسَالَتِهِ الشَّجَرُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعقبه بن عثمان (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت قابل الھدیۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو قلوب کی چاند ہے باب انصار کے گھرانوں کی فضیلت کا بیان اور جو رسالت پر درخت کی گواہی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعقبہ بن عثمان (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

225. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا قَابِلُ الْعُذْرِ، هُوَ شَمْسُ الْقَلْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ البُخَارِي بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلأَنْصَارِ «اصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي عَلَى الْحَوْضِ» وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ سَلَّمَتِ الْاَرْضُ عَلَيْهِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعقبه بن وهب (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت قابل العذر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو قلوب کا سورج ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انصار سے یہ فرمانا کہ مجھ سے حوض پر ملنے تک صبر کرنا اور جو زمین کا سلام کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین عقبہ بن وہب (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

226. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا عِصْمَةُ اللهِ، نُورِ الرُّوحِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ البُخَارِي بَابُ دُعَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصْلِحِ الأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ اٰذَنَتْهُ الشَّجَرَةُ بِمَجِيءِ الْجِنِّ اِلَيْهِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعكاشه بن محصن رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت عصمۃ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو روح کا نور ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دعا کرنا کہ (اے اللہ!) انصار اور مہاجرین پر اپنا کرم فرما اور جو درخت کو جن کی آپ کے پاس آنے کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وعکاشہ بن محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

227. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمَاءُ الْمَعِيْنِ، ظُهُوْرِ الرُّوحِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ البُخَارِي بَابُ {وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ} وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ مَا شَكَّ بِهِ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي الْاَحْكَامِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعمار بن یاسر رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ماء المعین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ظہور روح ہے باب (اس آیت کی تفسیر میں) اور اپنے نفسوں پر وہ دوسروں کو مقدم رکھتے ہیں، اگرچہ خود وہ فاقہ ہی میں مبتلا ہوں اور جس نے حضرت

علیؓ کے احکام میں شک دور کر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

228. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْاَتْقٰى، طُوْرِ الرُّوْحِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ «اقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ» وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِاَنْ يَّسْتَقْبِلَه اَهْلُ الْيَمَنِ لِلصَّعُوْدِ عَلَى الْعَقَبَةِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعمارہ بن حزم (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اتقی ﷺ جو طور کا روح ہے باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ انصار کے نیک لوگوں کی نیکیوں کو قبول کرو اور ان کے غلط کاروں سے در گزر کرو اور جس نے حضرت علیؓ کو اہل یمن کی آنے کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عمارہ بن حزم (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

229. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْاَحْسَنُ، مِصْبَاحِ الرُّوْحِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ قَالَ لِاَشْجَارٍ مُّتَفَرِّقَةٍ اُسْتُرُوْنِيْ فَاجْتَمَعَتْ لَهُ كَالْقُبَّةِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعمارہ بن زیادن (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت احسن ﷺ جو روح کے چراغ ہیں باب سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان اور جس نے مختلف الوقوع درختوں کو ستر کے لیے قبہ بنانے کا حکم دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عمارہ بن زیادن (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

230. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْاَزْكٰى، مِفْتَاحِ الرُّوْحِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنْقَبَةُ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ وَعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ حَدَّثَ بِاِيْمَانِ الْمُنَافِقِيْنَ قَبْلَ الْحَلْفِ وَاَخْبَرَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَعمرو بن ایاس (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ازکی ﷺ جو روح کی کنجی ہے باب اسید بن حضیر اور عباد بن بشر رضی اللہ عنہما کی فضیلت کا بیان اور جس نے منافقین کی عدم ایمان کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و عمرو بن ایاس (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

231. يَا وَاحِدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا اَسْوَدُ اللِّحْيَةِ، مِعْرَاجِ الرُّوْحِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ

